سامنے سے تصدیق شدہ فوٹو یہاں چسپاں کریں

آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## درخواست فارم برائے درستی تاریخ پیدائش

(فارم امیدوار خود پُر کرے تمام کالم پُر کیئے جائیں نامکمل فارم قبول نہیں کیا جائے گا)

-1 **نام امیدوار** (اردو میں) ............ انگریزی میں ............

-2 **ولدیت** (اردو میں) ............ انگریزی میں ............

-3 امتحان میٹرک سالانہ/ضمنی ............ رولنمبر ............ رجسٹریشن نمبر ............

-5 **نام سکول** جہاں پہلی مرتبہ داخلہ حاصل کیا ............

-6 **نام ضلع** پرائیویٹ امیدوار کیلئے ............

-7 پہلی مرتبہ داخلہ حاصل کرنے پر درج کرائی گئی تاریخ پیدائش ............

-8 بورڈ کے ریکارڈ میں درج تاریخ پیدائش ............

-9 تاریخ پیدائش جس کا امیدوار دعویدار ہے ............

-10 غلطی جس مرحلہ پر واقع ہوئی، معہ وجوہات ............

-11 **نام محکمہ** (سرکاری ملازم ہونے کی صورت میں) ............ عہدہ ............

-12 اول تا دہم جن تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم رہا رہی ان کی تفصیل (سکولوں کا اصل ریکارڈ پیش کیا جائے)

پرائمری ............ مڈل ............ ہائی ............

-13 دعویٰ کی تائید میں سکول ریکارڈ کے علاوہ پیش کردہ دستاویزات کی تفصیل (مصدقہ فوٹو نقول لف کی جائیں)

............

............

-14 حبیب بنک کا چالان نمبر ............ تاریخ ............ رقم رفیس ادا کردہ ............ بنک کی شاخ کا نام ............

منی آرڈر رسید نمبر ............ تاریخ ............ نام وڈاکخانہ وضلع ............

(اصل چالان / منی آرڈر رسید منسلک نہ ہونے کی صورت میں درخواست فارم قابل قبول نہ ہوگا)

-15 خط وکتابت کیلئے پتہ ............

............

-16 تاریخ ............ دستخط والد/ سرپرست ............ دستخط امیدوار ............

فون نمبر ............ فون نمبر ............

| | |
|---|---|
| تصدیق کی جاتی ہے کہ درخواست دہندہ سرکاری ملازم ہے۔<br>دستخط ومہر ............<br>آفیسر مجاز ............ | تصدیق کی جاتی ہے کہ درخواست دھندہ کے مذکورہ بالا کوائف درست ہیں۔<br>دستخط ومہر ............<br>صدر معلم/ پرنسپل ............ |

## دفتری کارروائی کیلئے

تصدیق کی جاتی ہے کہ حسب ضابطہ مقررہ فیس مبلغ ............ روپے بمطابق چالان / منی آرڈر رسید نمبر ............ مورخہ ............ کے تحت وصول ہو چکی ہے۔

کلرک متعلقہ شعبہ آمدن ............

نوٹ:۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبر 163-05827-960042 یا 05827-960011 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

(ورق الٹیئے)

# ہدایات برائے درستی تاریخ پیدائش

1- یہ درخواست فارم اس امیدوار کی تصحیح کیلئے ہے جس نے ثانوی سکول امتحان میں شرکت کیلئے فارم بھیجا ہو یا میٹرک کا امتحان پاس کرلیا ہو۔اور درخواست:۔

(الف) اس تعلیمی ادارہ کے سربراہ کی وساطت سے آنی چاہیے جہاں سے امیدوار نے سیکنڈری سکول امتحان پاس کیا ہو۔

(ب) سرکاری ملازم ہونے کی صورت میں محکمہ کے توسط سے (Through Proper Channel) آنی چاہئے۔

(ج) کسی منظور شدہ تعلیمی ادارے کے سربراہ کی وساطت سے آنی چاہیے۔اگر امیدوار نے سیکنڈری سکول امتحان پرائیویٹ حیثیت سے پاس کیا ہو۔

2- میٹرک کے نتیجہ کی اشاعت سے 2 سال کے اندر یا امتحانی فام داخلہ جمع کروادیا ہو،مبلغ-/3500 روپے،دو سے پانچ سال تک-/5000روپے، پانچ سے ساٹ سال تک-/9000 روپے فیس جمع کروانی ہوگی۔ **بصورت عدالتی ڈگری درستگی فیس-/30000 (تیس ہزار) روپے ہوگی۔ بعدازمنظوری Revised سند کے اجراء کی فیس مبلغ-/500روپے جبکہ ڈگری کی صورت میں-/3000 روپے ہوگی۔(تاریخ پیدائش کے تمام معاملات (ماسوائے غیر فطری فرق کے ضروری کارروائی کے بعد گورننگ باڈی کے اجلاس میں پیش ہوتے ہیں)**

3- جمع شدہ فیس واپس نہ ہوگی نیز چالان رسید/ ڈاکخانہ رسید میں جعل سازی کرنے کی صورت میں جرمانہ ہوگا۔

4- طالب علم/ طالبہ کی دو عدد شناختی کارڈ سائز تصدیق شدہ فوٹو (جس ادارہ کی طرف سے میٹرک کے امتحان میں شرکت کی ہو، کے سربراہ سے تصدیق کروائیں) درخواست فارم کے ہمراہ پیش کرنا ضروری ہیں۔درخواست فارم اور فوٹو ایک ہی سربراہ ادارہ سے تصدیق ہونا ضروری ہے۔

5- کسی بھی امر کو خفیہ رکھنے کی صورت میں بورڈ درخواست گزار کے خلاف کارروائی کا مجاز ہوگا۔

6- مطلوبہ درستی کیلئے حسب ذیل کاغذات کا ہونا ضروری ہے۔

**i-** بنیادی سکول ریکارڈ (رجسٹر داخل خارج) پرائمری تا ہائی۔ **ii-** فارم ب/ پیدائش سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ نقول (فارم ب دستیاب نہ ہوتو والد کے شناختی کارڈ پر درج شدہ خاندان نمبر سے فیملی رجسٹریشن فارم (FRC) کی تصدیق شدہ نقل از اں نادرا آفس سے حاصل کر کے پیش کرنا ہوگی) **iii-** بیرون ملک پیدائش کی صورت میں اس ملک کے پیدائش سرٹیفکیٹ اور پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل۔ **iv-** امیدوار کے شناختی کارڈ/ رزلٹ کارڈ/ اسناد کی تصدیق شدہ نقول۔ **v-** امیدوار اور والد کے ڈومیسائل اور باشندہ ریاست کی تصدیق شدہ نقول **vi-** اگر والد نے آرمی/ نیوی/ ایئر فورس کی سروس کی ہوتو سروس بک کی تصدیق شدہ نقل۔ **vii-** سرکاری ملازم ہونے کی صورت میں ابتدائی تقررنامہ **viii-** سرکاری ملازم نہ ہونے کی صورت میں بمطابق نمونہ مجسٹریٹ درجہ اول کا تصدیق شدہ بیان حلفی۔ **iX-** سرکاری ملازم ہونے کی صورت میں متعلقہ محکمہ کے سربراہ سے ملازم ہونے کی تصدیق اور متعلقہ سکول کے سربراہ سے کوائف کی تصدیق کرانا لازمی ہے نیز مہر بھی ثبت کروانا ہوگی۔درخواست فارم کے علاوہ دیگر کی نقول کسی سرکاری ہائی سکول کے صدر معلم یا پروفیسر سے تصدیق کروانا ہوں گی۔

7- بمطابق فیصلہ جات معزز عدالت عظمیٰ، سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازمین تاریخ پیدائش کی درستی کیلئے آغاز ملازمت سے دو سال کے اندر اندر درخواست دے سکتے ہیں۔دو سال سے زائد سروس ہونے پر درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

8- درخواست دہندہ کی مطلوبہ تاریخ پیدائش بوقت اشاعت پہلا نتیجہ امتحان میٹرک عمر 14 سال سے کم ہونے کی صورت میں تاریخ پیدائش میں درستی/ تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

9- والد/ والدہ کی طرف سے بذیل نمونہ کے مطابق-/20 روپے کے اشٹامپ پیپر پر مجسٹریٹ درجہ اول کا تصدیق شدہ بیان حلفی

**نوٹ:- ساٹ سال کی مدت کے بعد درستی تاریخ پیدائش کی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔**

## نمونہ بیان حلفی بسلسلہ تاریخ پیدائش

منکہ_____ بن/ بنت_____ حلفاً بیان کرتا/ کرتی ہوں کہ میرے بیٹے/ بیٹی_____ نے امتحان ثانوی سالانہ/ضمنی_____ رولنمبر_____ کے تحت تعلیمی بورڈ میرپور سے پاس کیا۔میرے بیٹے/ بیٹی_____ کی درست تاریخ پیدائش_____ ہے جبکہ بورڈ ریکارڈ میں میرے بیٹے/ بیٹی_____ کی تاریخ پیدائش_____ درج ہے جو کہ غلط اور قابل تصحیح ہے۔

نام محلف و دستخط

**اگر تاریخ پیدائش کا فرق بھائی/ بہن، دو بھائیوں کے درمیان غیر فطری ہو تو اس کیلئے بذیل نمونہ استعمال ہوگا۔**

## نمونہ بیان حلفی بسلسلہ درستی تاریخ پیدائش (غیر فطری فرق)

منکہ_____ بن/ بنت_____ حلفاً بیان کرتا/ کرتی ہوں کہ میرے بیٹے/ بیٹی_____ نے امتحان ثانوی سالانہ/ضمنی_____ رولنمبر_____ اور دوسرے بیٹے/ بیٹی_____ نے امتحان ثانوی سالانہ/ضمنی_____ رولنمبر_____ کے تحت تعلیمی بورڈ میرپور سے پاس کیا۔ میرے بیٹے/ بیٹی_____ کی درست تاریخ پیدائش_____ اور دوسرے بیٹے/ بیٹی_____ کی درست تاریخ پیدائش_____ ہے جبکہ بورڈ ریکارڈ میں میرے بیٹے/ بیٹی_____ کی تاریخ پیدائش_____ اور میرے دوسرے بیٹے/ بیٹی_____ کی تاریخ پیدائش_____ درج ہے میرے بیٹے/ بیٹی_____ کی بورڈ ریکارڈ میں تاریخ پیدائش_____ غلط درج ہے۔اگر ان کی بورڈ میں درج تو اریخ پیدائش کو درست تسلیم کیا جائے تو دونوں کی عمروں میں غیر فطری فرق بنتا ہے جو کہ غلط ہے۔ مظہر نے ایک ہی شادی کی ہے اور یہ کہ دونوں ایک ہی ماں کے بطن سے ہیں۔یا مظہرہ کے خاوند نے ایک ہی شادی محلفہ سے کی تھی دوسری کوئی شادی نہ کی ہے۔یہ کہ دونوں جڑواں بھی نہ ہیں۔

نام محلف و دستخط

## سرکاری ملازم نہ ہونے کا نمونہ بیان حلفی

منکہ_____ بن/ بنت_____ حلفاً بیان کرتا/ کرتی ہوں کہ میں نے امتحان ثانوی سالانہ/ضمنی_____ رولنمبر_____ کے تحت تعلیمی بورڈ میرپور سے پاس کیا۔میں نے درستی تاریخ پیدائش کے سلسلہ میں دفتر بورڈ کو درخواست دی ہوئی ہے۔میں حلفاً اقرار کرتا/ کرتی ہوں کہ میں کسی سرکاری/ نیم سرکاری محکمہ میں ملازم نہیں ہوں۔

نام محلف و دستخط